121175 ـ جمعہ کے روز نماز فجر میں ہمیشہ سورت سجدہ اور سورت الدھر پڑھنے کا حکم

سوال

کیا ہر جمعہ کو ہمیشہ فجر کی نماز میں سورت السجدہ اور الدھر پڑھنا جائز ہے؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

"جمعہ کے روز فجر کی نماز میں سورۃ السجدہ اور سورۃ الدھر پڑھنا شرعی عمل ہے، اور اگر ہمیشہ جمعہ کے روز فجر کی نماز میں صرف یہی سورتیں پڑھی جائیں تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں ہے، لیکن اگر اس بات کا خدشہ ہو کہ کہیں لوگ جمعہ کے دن فجر کی نماز میں ان دو سورتوں کے پڑھنے کو فرض سمجھنے لگے ہیں تو پھر بسا اوقات امام ان سورتوں کی تلاوت نہ کرے، یہ شرعی عمل ہو گا۔" ختم شد
دائمی کمیٹی برائے علمی تحقیقات و افتاء
فتاوی إسلامیة: (1/417)

اس بارے میں مزید کے لیے آپ سوال نمبر: (20436) کا جواب ملاحظہ کریں۔

واللہ اعلم